نیسلے پاکستان، خیبر پختونخواہ محکمہ سیاحت اور عالمی بینک نے ٹریک (TREK) کیونیکشن مہم کا آغاز کردیا

(TREK) کے پی حکومت، عالمی بینک اور نیسلے کا مشترکہ پروگرام کا مقصد کچرے سے پاک مستقبل کیلئے ذمہ دار سیاحت کو فروغ دینا ہے

اسلام آباد: 17 جون، 2021: نیسلے پاکستان نے خیبر پختونخواہ حکومت کے اشتراک سے خطے میں ذمہ دار سیاحت کے فروغ کیلئے نتھیا گلی میں TREK کیونیکشن مہم کا آغاز کردیا ہے۔

اس سے قبل دسمبر 2020 میں وزیر اعظم عمران خان نے TREK کے لوگو کی نقاب کشائی کی جو خیبر پختونخوا انٹیگریٹڈ ٹورازم ڈیولپمنٹ (KITE) منصوبہ کا حصہ ہے اور جسے وفاقی حکومت کے 2020 کے اہم اہداف کے حصول کی لسٹ میں شامل کیا گیا ہے۔

شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ثامر شدید، سی ای او نیسلے پاکستان نے کہا "نیسلے کا وژن ہے ہماری پیکیجنگ بشمول پلاسٹک کو نہ زمین اور نہ سمندروں میں ٹھکانے لگایا جائے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے ہم نے 2025 تک پلاسٹک پیکیجنگ کو 100 فیصد دوبارہ قابل استعمال بنانے یا ری سائیکل کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔ ذمہ دار سیاحت کے فروغ کیلئے یہ شراکت داری ہمارے لئے باعث خوشی ہے، ہم ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی سوچ اور رویے پیدا کرکے مستقبل کو کچرے سے پاک کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔"

توصیف خالد، پروجیکٹ ڈائریکٹر KITE نے کہا "TREK خیبر پختونخوا انٹیگریٹڈ ٹورازم ڈیولپمنٹ (KITE) منصوبہ کا حصہ ہے جس پر عالمی بینک اور نیسلے پاکستان کے اشتراک سے عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔"

انہوں نے کہا "TREK کے تحت سرگرمیوں میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کیلئے کیو پمنٹ، سیاحوں کیلئے آگاہی مہم جسے شروع کیا جائے گا، انفارمیشن بورڈ کی تنصیب اور کچرے کو اکھٹا کرنے اور ٹھکانے لگانے کے حوالے سے مقامی کمیونٹیز کو تربیت دینے کے علاوہ KITE کے تحت سیاحوں کی سہولت کیلئے آرام گاہ کی فراہمی شامل ہے"

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے، کرن افضل، سینئر پرائیویٹ سیکٹر سپیشلسٹ ورلڈ بینک گروپ، پاکستان نے بتایا "اس مہم سے TREK پر عمل درآمد کے اہم مرحلے میں داخل ہو گئے ہیں اور ہمیں توقع ہے کہ ملک بھر سے ذمہ دار سیاحت کے فروغ کیلئے اور لوگ بھی اپنا کردار ادا کریں گے"

نیسلے پاکستان کا TREK کیلئے عزم دو ستونوں پر مشتمل ہے ایک بڑے پیمانے پر آگاہی مہم جو کچرے کے پھیلاؤ کو کم کرنے، دوبارہ قابل استعمال بنانے اور ری سائیکل پر توجہ مرکوز کرتا ہے اور دوسرا کمیونٹی کو مصروف عمل کرنے کا پلان جس میں وہ سرگرمیاں شامل ہیں جو کچرے، آلودگی اور جنگلی حیات کے خاتمے کے مسائل سے نمٹنے میں مدد دیں گی۔

شراکتداروں نے ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنے میں سیاحت کے شعبے کے کردار کا اجاگر کیا اور شاہراہوں کے ذریعے رسائی کو بہتر بنانے، ریسکیو سروسز اور سیاحتی زونز کے قیام کی منصوبہ بندی کے ذریعے سیاحوں کو سہولیات فراہم کرنے کی حکومتی کوششوں کو سراہا

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔ دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔ نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیاز زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے مقصد کیلئے پرعزم ہے۔ نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات کی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے: راحت حسین، منیجر پبلک آفیئرز نیسلے پاکستان

ای میل: muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com